معلومات برائے نیویا رک ریاست انگریزی بحیثیت ثانوی زبان میں قابلیت کا امتحان (NYSESLAT)

نیویارک ریاست انگریزی بحیثیت ثانوی زبان میں قابلیت کا امتحان (NYSESLAT) کیا ہے؟

NYSESLAT ایک ایسا امتحان ہے جو تشخیص کرتا ہے کہ آپ کا بچہ، انگریزی میں پڑھنے، لکھنے، سننے اور بولنے میں کتنا اچھا ہے۔ NYSESLAT کا سلسلہ کئی دنوں تک چلتا رہتا ہے۔

اگر آپ کا بچہ ایک دو لسانی تعلیمی پروگرام میں مندرج ہے، بہار 2021 میں آپ کے بچے کے NYSESLAT کے نتائج اس قسم کے اسکول اور سہولیات کی تعداد جن کی انہیں 2021-2022 تعلیمی سال میں انگریزی سیکھنا جاری رکھنے کی ضرورت ہے کے تعین کرنے میں مدد کریں گے۔ اس میں انگریزی بحثیت نئی زبان خدمات او دو لسانی تعلیمی خدمات شامل ہیں۔

NYSESLAT کون دیتا ہے؟

کنڈرگارٹن سے لیکر گریڈ 12 کے وہ تمام طلبا جن کی نشاندہی یا عارضی نشاندہی بحیثیت انگریزی زبان کے متعلمین کی ہوئی ہے۔

اس تعلیمی سال میں NYSESLAT میں کب لیا جائے گا؟

اس سال، طلبا 19 اپریل 2021 اور 9 جون 2021 کو NYSESLAT دیں گے۔ طلبا اسکول دن کے دوران NYSESLAT دیں گے۔

میرا بچہ کہاں NYSESLAT دیگا؟

NYSESLAT ایک مستند معلم کی زیر نگرانی آپ کے بچے کے اسکول میں اسکی بذات خود موجودگی میں لیا جائے گا۔ آپ کا بچہ یہ مکمل یا جزوی امتحان اپنے ہمسروں کے ساتھ دے سکتا ہے۔ آپ کا بچے کا اسکول تمام طلبا کی صحت مندی اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے ایک شیڈیول تیار کریگا۔

میرا بچہ مکمل طور پر ریموٹلی اسکول میں شرکت کر رہا ہے۔ کیا پھر بھی وہ NYSESLAT دے سکتا ہے؟

وہ بچے جو مکمل طور پر اسکول ریموٹلی اسکول میں شریک ہوتے ہیں تب بھی وہ NYSESLAT دے سکتے ہیں۔ COVID-19 کی وجہ سے، انہیں اسے دینا ضروری نہیں ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ اس بہار میں NYSESLAT دے، براہِ کرم آپ کے بچے کے اسکول میں امتحان دینےکے لیے اپنے بچے کے کے اسکول سے رابطہ کریں۔

اگر میرا بچہ مکمل ریموٹلی اسکول میں شرکت کر رہا ہے، اور اس بہار 2021 میں NYSESLAT نہ دے تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کا بچہ مکمل ریموٹ تدریس حاصل کر رہا ہے اور NYSESLAT نہیں دے رہا ہے، آپ کے بچے کا اسکول آپ کے بچے کی تازہ ترین انگریزی میں عبوریت کی سطح کو آپ کے بچے کی ضرورت کے لیے قسم اور انگریزی زبان کی نشونما میں مدد کے تعین کرنے کے لیے استعمال کریگا جو آپ کا بچہ 2021-2022 تعلیمی سال کے دوران حاصل کریگا۔

یہ انگریزی زبان میں استعداد کی سطح کی بنیاد آپ کے بچے کی بہار 2019 کا NYSESLAT اسکور یا آپ کے بچے کا نشاندہی امتحان برائے انگریزی زبان متعلمین (NYSITELL) پر ہو سکتا ہے۔

میں NYSESLAT کے بارے میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟

NYSESLATکے بارے میں مزید جاننے کے لیے نیویارک ریاست کے ویب پیج پر جائیں، جس میں والدین کے لیے کئی زبانوں میں رہنمائی دستیاب ہے: http://www.nysed.gov/bilingual-ed/nysitell-and-nyseslat-parent-guides